BANGALORE CITY MUNICIPALITY.

بنگلور سٹی میونسپالٹی

832

اشتہار مؤرخہ ۳ نومبر ۱۹۰۵ع *

مرقوم الذیل دھرائے گئے رولس برائے انتظام اورنگراني کرایہ دار گاڑیان کیلئے جو میونسپالٹي بنگلور حدي کے حد مین ہین میونسپل کمشنرون نے تیار کئے ہین زیر حکم قلم ۳ ۱۸۸۷ع کے هانکني کیاریج رگیولیشن کے موافق جو گورنمنٹ نے منظور کي هے اونکي پرسیڈنگس نمبر میونسپل (۱۸۱-۰۵ / ۷۵۹۳) ۴ مورخہ ۳-۶-۱۹۰۶ع اطلاع کیلئے شایع کئے جاتے ہین جیساکہ ۱۸۷۱ع کے بنگلور میونسپل رگیولیشن مکشن ۴۳۷ سے ضرور هي یہہ پہلي جولائي ۱۹۰۶ع سے عمل مین آوینگے *

(۱) هرایک کرایہ دار گاڑي کے مالک کو ضرور هي کہ اپني گاڑي کیلئے میونسپالٹي سے لیسن یا (اجازت) لینا چاهئے *

(۲) ایشے لیسن میونسپل آفس سے تب هي دیا جاویگا جب گاڑي اور گھوڑا یا گھوڑے پرسیڈنٹ یا وایس پرسیڈنٹ یا اور کوئي آفیسر جو اسکام کیلئے مقرر کیا گیا هو امتحان اور منظور کرے اور وہ ٹھہرائینگے کہ گاڑي کون سے درجہ کي هے *

(۳) درجہ کے لیسن کرایہ دار گاڑیونکو هونگے پہلے درجہ کے گاڑیان مین سب قسم کے هین - جسمین جھٹکا اور گاڑیان جو بیلون اور ٹٹوون سے دوڑتے هین - دوسرے درجہ کے جھٹکا یا دو چاک کے گاڑیان یا بنڈیان ٹٹوون سے دوڑتے هین - تیسرے درجہ کے گاڑیان جو بیلون سے چلتے هین اور لیسنس اونکے مالکون کو دئے جاوینگے یعنے قوانین کے جو اس رولس مین درج هین اور ذیل کے شرایط پر - (۱) کہ گاڑي اچھي حالت مین هو پر جو مرمت کیا هوا هو - (۲) کہ پہلے اور دوسرے درجہ کے گاڑیونکو دو لیمپس یا لالٹین لگے هون اور تیسرے درجہ کے گاڑیون کو ایک لالٹین هو جسپر گاڑي کا لیسنس کا نمبر لکھا هو - (۳) کہ گھوڑا یا گھوڑے اس گاڑي کے درجہ مین جسکے لیسن دیا گیا هے مقررہ اونچائي سے کم نہو جو پہلے درجہ کو ۱۴-۳ اونچا هو اور دوسرے درجہ کو ۱۱-۳ هانڈس هو اور کوئي جانور تین سال کي عمر سے کم استعمال نہین کیا جا سکتا هي *

(۴) کرایہ دار گاڑیان اور هانکنے والون کیلئے لیسنس مطابق اس رولس کے جو ملحق هین سو فارمون پر هونگے اور موٹے کاغذ پر چھاپے هونگے *

(۵) سالانہ لیسن في هرایک گاڑي کیلئے - پہلے درجہ کو ۹ روپیہ دوسرے درجہ کو ۴ روپیہ تیسرے درجہ کو ۲ روپیہ - اور هرایک هانکنے والے کو بلے کے لئے ایک روپیہ في دینا هوگا اور هانکنے والے کا لیسن بغیر کسي اجرت کے دیا جاویگا یا بدلایا جاوے گا *

(۶) لیسن دار کو ضرور هي کہ جب اسکو میونسپل آفس سے لیسن ملنے پر چاهئے کہ اپنے مکان پر ایک بورڈ جسمین اسکا نام اور لیسن نمبر پرنٹ کیا هو لگاوے *

(۷) گھوڑے جو لیسن دار گاڑیون مین استعمال کئے جاوینگے وہ اچھے طور سے بنڈیون مین مداے هوے هو اور اچھي حالت مین هو - پبلک کام کے لئے لایق اور گھوڑون سے بھرے نہو - سواے تیسرے درجہ کے گاڑیوں کے تمام کي هارنس اچھي اور پوري اور کار گذار هو - ایک کولڈا جیساکہ کوچمیان استعمال کرتے هین هرایک هانکنے والے کے ساتھ هو - لکڑیان یا ڈالیان کا استعمال ممانیت کیا گیا هي *

(۸) دو لالٹین مومبتي سے سلگائے هو پہلے درجہ کي گاڑیون کے همراہ هو تیل بجائے موم بتي کے دوسرے اور تیسرے درجے کے گاڑیون کو بشرطیکہ روشني اچھي هو - لالٹین بے عیب هو اور ونڈ پروف هو - تیسرے درجہ کے گاڑیونکا ایک چراغ سیدھے بازو باندھنا هو مانند دوسرے هانکني کیاریج کے لالٹینون کے *

(۹) گاڑیان همیشه ریپیر کئے هوے هو اور کماني دروازے اور دریچے بے عیب هو - گاڑیون کو اتفاقاً وارنس لگانا هوگا جیساکه پرسیڈنت یا ویس پرسیڈنت یا اور کوئي آفیسر جو اُسکام کیلئے مقرر کیا هو اونکي نظر مین ضرورت هو *

(۱۰) پرسیڈنت یا ویس پرسیڈنت یا اور کوئي آفیسر جو اُس کام کیلئے مقرر هو اور پس-پي-مي یے- کے آفیسرون اور انسپکٹرون پولس کسیوقت پر صبح سے شام تک کوئي گھر مین جهان لیسندار گاڑیان جانوران هارنس اور دوسرے چیزان جو اسکام پر استعمال کئے جاتے هین اِس قانون کے برابر رکھے گئے هین سو اونکو ملاحظه کرنے کا حق حاصل هے اور مالك یا اوسکے ایجنٹ کو ضرور هے که ملاحظه کرنے کو سهل کرے *

(۱۱) اِس قانون کے مطابق لیسنان جاري رهینگے سرکاري سال بهر جسکے لئے وه دئے جاتے هین مگر وه وقت کے پیش از زیر حکم پرسیڈنت یا ویس پرسیڈنت میونسپل کمیشن کے منسوخ یا موقوف کر دینے کے لایق هونگے جب ثابت هوگا که مالك یا اُسکا ایجنٹ لیسن کے شرایط کے خلاف کرنیکا خطا وار هے *

(۱۲) جب کوئي لیسندار اکثر اپنا گھر بدلے تو لازم هے ایك نوٹس لکھي هوي مع دستخط کے پرسیڈنت یا ویس پرسیڈنت یا اور کوئي آفیسر جو اسکام کیلئے مقرر کیا گیا هے دیوے اگر ایك هفته گھر بدلنیکے پیش از بذریعه نوٹس اطلاع نه دے تو وه لایق هوگا (۳ روپیه) بیس روپیه کے جرمانے کا *

(۱۳) هر ایك لیسن کو سلسله وار نمبر دیا جاویگا اور یه نمبر پهلے درجه کے گاڑیون پر موقعه کي جگه مین انگریزي مین رنگ سے لکھا هو اور انگریزي اور کنڈي یا هندوستاني مین دوسرے اور تیسرے درجه کے گاڑیون پر - پرسیڈنت یا ویس پرسیڈنت میونسپل کمیشن کے درخواست پر ایك عمده قسم کي هانکني کیاریج کو بغیر نمبر دینے کے چهوڑ سکتے هین نمبران دینیکا کام میونسپل آفس مین کیا جاویگا اور اوسکي اُجرت لیسن کي في مین شامل هوگي*

(۱۴) هانکنے والا یا مالك لیسندار گاڑي کا جو پبلك اسٹینڈ پر رهے یا علانیه کرایه پر جاتا هو کوئي وقت پر دن اور رات مین اگر کوئي شخص طلب کرنے پر اپني گاڑي کرایه پر دینا لازم هوگا ورنه کوئي معقول سبب انکاري کا هو تو ثابت کرنے کا بوجه هانکنے والے یا مالك پر هوگا *

(۱۵) میونسپالٹي وقتاً فوقتاً جگهون کو بطور اسٹینڈ کے کرایه دار گاڑیون کیلئے مقرر کریگي - هانکنے والے ایسے گاڑیون کے مقرره جگهون سے دوسرے جگهون مین کرایه کیلئے انتظاري کرے یا اپني گاڑیون کو چهوڑدے بغیر کسي نگران کے تو اونکي لیسنان جسے وے هانکتے هین ضبط کرنے کے ذمه دار هونگے - رجسٹریشن آرڈر جسمین که هانکني کیاریج اسٹینڈ پر درجه وار هونگے پولیس کے ماتحت هوگا - جو کچه اسمین هے پیاسنجرون کیلئے دست انداز تصور نه کرے وے اپني خواهش سے گاڑیون مین جا سکتے هین - فهرست اسٹینڈونکي جو موجود هین اس قانون کے آخیر مین دئے گئے هین *

(۱۶) مرقوم الذیل ٹیس وقت اور فاصله کے لحاظ سے مقرر هونگے درجون کے کرایه دار گاڑیون کیلئے -

کرایه وقت کیلئے *

	ایك گھنٹه کیلئے یا کم *	هر ایك افزود گھنٹه یا حصه گھنٹه کا بارہ گھنٹے رات کے آگے *	هر ایك افزود گھنٹه یا حصه گھنٹه کا بارہ گھنٹے رات کے بعد*	تشریح *
	۲	۳	۴	۵
	روپیه آنه پائي	روپیه آنه پائي	روپیه آنه پائي	
پهلا درجه ایك گھوڑے کي گاڑي	۱	... ۴ ...	... ۶ ...	* جو گاڑي گھوڑي هو تو کرایه دیڑھا دینا
دوسرا درجه جھٹکا گاڑي ...	... ۶ ...	... ۳ ...	... ۴ ...	
تیسرا درجه بیل کي گاڑي ...	... ۴ ...	... ۲ ...	... ۳ ...	

نوٹ—یہ ریٹس یا کرائے موافق درجونکی ۱۲ گھنٹون کیلئے صبح کے ۵ سے رات کے ۱۲ گھنٹون تک خیر انتہا روپیہ ۳—۳ روپیہ ۴ آنے اور ایک روپیہ ۴ آنے سے بڑھکر نہوگا اور انتہائی کرایہ ۴ روپیہ - ۲ روپیہ ۸ آنے اور ایک روپیہ ۸ آنے ایک ایک جب تعداد گھنٹونکی ۱۲ گھنٹون سے بڑے - کرایہ فاصلہ کیلئے *

	پہلے درجہ کے *	دوسرے درجہ کے جھٹکا *		تیسرے درجہ کے بیل کے گاڑیان *
	۲	۳	۴	۵
	روپیہ آنہ پائی	روپیہ آنہ پائی		روپیہ آنہ پائی
مین میل اور اُسکے کم کیلئے ...	۱۲ ...	ایک میل کیلئے ...	... ...	... ...
ہر ایک میل سے بڑکر میل یا ایک میل کے بعد کوئی حصہ میل کا	... ۳ ...	یا کوئی حصہ میل کا *	... ۲ ...	... ۱ ۶

یہ مذکورۂ بالا کرائے وقت کیمطابق دینا ہوگا - مگر کرایہ مقرر کرنیسے پہلے کرایہ دینیوالا اپنی خواہش ظاہر کرے کہ کرایہ مطابق فاصلہ کے دینے کیلئے - نوٹ—(۱) وہی کرایہ جو مقرر کیا گیا ہے تمام اسٹیشان ڈون مین واسطے پہلی اور دوسری اور تیسری درجہ کے گاڑیون پر جو میول اور ملٹری اسٹیشن سے سٹی داخل ہونیکی لیا جاویگا اور ویسا ہی سٹی ہٹی میول اور ملٹری اسٹیشن مین - (۲) درباب دوسرے یا تیسرے درجہ کی گاڑی کے سنگل میت کیلئے میول اور ملٹری اسٹیشن سے سٹی کو مقرر ہے - وہی کرایہ جو مقرر ہے میول اور ملٹری اسٹیشن مین سنگل میت کیلئے سٹی مین بھی اختیار کرلئے *

(۱۷) کرایہ جو طلب کیا جاویگا واسطے کرایہ دار گاڑی کیلئے رول ۱۶ مین بتلایا گیا ہے اُس سے بڑھکر نہوگا - نوٹ—اگر کوئی قول و قرار اِس رول کی مقررہ کرایہ سے بھی کم کیلئے کیا جاوے تو وہ ہی لینا لازم ہے *

(۱۸) کم از کم دوڑ پہلے اور دوسرے درجہ کے گاڑیون کو جو وقت پر کرایہ کیلئے سو ۶ اور ۵ میل فی گھنٹہ دوڑین اور تیسرے درجہ کی گاڑی ۳ میل فی گھنٹہ *

(۱۹) آخر درجہ تعداد لوگونکی جو ہر قسم کی کرایہ دار گاڑیان لیجاوین حسب ذیل ہو - چار چاک کی گاڑی مین ۴ آدمیان اندر اور ہانکنے والا اور چھوکرا باہر - واگنٹ مین جر ایک گھوڑے کی ۶ لوگ موسائیس اور ہانکنے والے کے - جھٹکا مین ۵ آدمی معہ ہانکنے والے کے - دو بچے دس سال کے اندر بجائے ایک آدمی کی تصور کیا جاوینگے *

(۲۰) آخر ہم وزن لگیج یا پیاسنجرون جو ہر ایک قسم گاڑی کی لیجانا ہوگا حسب ذیل ہے پہلے درجہ کی ایک گھوڑے کی گاڑی——آٹھ من یا ۶۴ پونڈ - دو گھوڑونکی——پندرہ من یا ۱۲۰ پونڈ - دوسرے درجہ کی جھٹکا——چھ من یا ۵۴ پونڈ - تیسرے درجہ کی بیل گاڑی——پانچ من یا ۴۰ پونڈ - جب پیاسنجرون لگیج بھرتی ہو تو ہر ایک آدمی—ڈیڑھ من یا ۱۲ پونڈ وزن خیال کیا جاویگا اور ہر ایک بچہ دس سال کی عمر سے کم ہو تو—ہونا من یا ۶۳ پونڈ سمجھا جاویگا *

(۲۱) ہر ایک لیسنسدار ہانکنی کیاریج مین ایک فہرست کرایہ اِس رولس کے مطابق چسپ کی ہو - یہ فہرست انگریزی - کنڈی اور ہندوستانی مین چھپی ہوی ہو - میونسپل پرمیڈنٹ یا ویس پرسیڈنٹ سالانہ لیسن دینیکے وقت ایک کاپی دینگے - مگر فہرست جو ضایع یا متگئی ہو اُسکے دھرانے کیلئے مالک کے ذمہ ہے جو فوراً نئی بنائے - کاپیان قیمت دینے پر میونسپل آفس اور ہڈ پولس اِسٹیشن سے مل سکتے ہین *

835

(۲۲) هرایک هانکنے والا جسکو لیسن دیا گیا هے جبکه اِستیانڈ پر هو یا لیسندار گاڑي هانکتا هو یا کرایه پر لیجاتا هو ضرور هے که اپنے سیدھے هاته پر ایک پتل کا لگاوے جسمین اُسکا نام اور اُسکے لیسن کا نمبر هو اور تمام کرایه دار گاڑیون کے لیسنون جب طلب کئے جاوے کوئي پولس آفیسر یا میونسپل - یس-پي-سي -ے آفیسر سے ملاحظه کیلئے تو حاضر کرین *

(۲۳) کوئي شخص کو اِجازت نهین هے که کرایه دار گاڑي کو بطور هانکنے والے کے هانکئے جبتک که اوسکو هانکنے کا لیسن اِس غرض سے پرسیڈنٹ یا ویس پرسیڈنٹ میونسپل کمیشن نے دئے گیا هو *

(۲۴) هانکنے والے کا لیسن ایک سے دوسرے کو بدل نهین سکتا اور سرکاري سال کیلئے دیا جاویگا*

(۲۵) هانکنے کا لیسن کسي کو جو اٹهارہ سال کي عمر سے کم هو نهین دیا جاویگا اور جو کوئي که پرسیڈنٹ یا ویس پرسیڈنٹ یا کوئي آفیسر جو اسکے لئے مقرر منظور نه کرے *

(۲۶) لیسن دار هانکني کیاریون مین جو کچه اسباب یا جاوے قریب کي پولس اِستیشن مین گاڑي کے مالک یا هانکنے والے نے رکهدیا جاوے ایک فهرست ایسے اسباب کي میونسپل آفس مین یا اور دوسرے جگهونپر لگادي جاویگي جیساکه پرسیڈنٹ یا ویس پرسیڈنٹ نے حکم کرے *

(۲۷) درخواستین لیسنونکے بدلانیکے لئے ایک ماہ پیش از پورا هونے سال کے جسکیلئے لیسن دیا گیا هے کئے جاوے - اور نئے لئے گئے لیسنون اِسي بدستور اُوسي فیسر نے قانون کے مطابق رُول (۱) مین هے في دینے پر جیسا پهلے لیسن پر لیگئي تهي ویساهي اِطلاع کئے جائینگے *

(۲۸) جبکه هانکني کیاریج کوئي نئے مالک کو فروخت کردیجاوے عرصه سال مین جسکے لئے لیسن دیا گیا هے وه فورًا میونسپل آفس کو تبدیلي کي اِطلاع دیجاوے کیونکه ضروري تبدیلي بغیر اُجرت کے لیسن مین کیجاوے *

(۲۹) کوئي مالک یا ایجنٹ مالک کا یا هانکنے والا لیسندار گاڑي کا معلوم رهنے پر اجازت دیوے لیسن کے برخلاف کم تعداد گهوڑونسے کام لیوے یا معلوم رهنے پر زیادہ تعداد پیاسنجرونکو اجازت یا افزود وزن گاڑي مین لیجاوے برخلاف رُولس کے وه خطاوار جریمانے کا هوگا جو پچاس روپیه تک هوگا اور اُسکا لیسن ضبط کر لیا جاویگا *

(۳۰) کوئي هانکنے والا ظالمانه مارتاهے اور بیطوري سے پیش آتا هے اور بڑهکر محنت لیتا هے یا دوسرے طور سے اپني لیسندار گاڑي کے گهوڑے کو اِستعمال کرتا هے وه خطاوار اُوسکا لیسن هانکنے کا ضبط کرلیا جاویگا - علاوه اور دوسري سزا جو قانون کے وقت کے برابر خطامند هو دیجاویگي *

(۳۱) لکهي هوي آرڈر سے پرسیڈنٹ ایک عرصه کیلئے جو ایک مهینے سے زیادہ نهوگا موقوف یا رد کر سکتے هین کسي لیسن کو جو هانکني کیاریج کے مالک یا هانکنے والے کو دیا گیا هو - هانکني کیاریج کے رولس کے خلاف کرنیسے الاولیسن موقوف یا ردکر دینے کا ذمه دار هے جبکه پرسیڈنٹ کو تشفي بخشے طور سے معلوم هو که مالک یا هانکنے والے کي بیطوري ثابت هے *

(۳۲) رولس کے توڑ دینے پر پرسکیوشن عدالت مین کوئي پیاسنجر پولس آفیسر یا اور کوئي آفیسر پرسیڈنٹ یا ویس پرسیڈنٹ سے اُسکام کیلئے مقرر کیا گیا هو داخل کرسکتا هے *

فهرست اِستیانڈونکي.....(۱) مٹي ریلوے اِستیشن—(۲) خالي جگه قلعه کے رامنے پر اور روبرو بمبو بازار پیٹ کے (۳) خالي جگه یا هلکه دروازے کے پاس (۴) خالي جگه نگرت پیٹ کے پاس *

اے - یس - ناگوا کار
پرسیڈنٹ *

مالک کا لیسن نمبر*

هانکني کیاریج کا لیسن نمبر..... درجه..... بنگلور مٹي هانکني کیاریج کے قوانین ۱۸۸۷ع اور رولس ۱۹۰۵ع کے مطابق جو اختیارات مجهکو دئے گئے هین مین تمکو..... یه لیسن دیتا هون تمهارے گهر مین رکهنے کیلئے..... اِس تاریخ سے ۳۱ جون ۱۹۰۶ع تک - پهلے که یه گاڑي کهینچے جاوے..... دومنزا یه گاڑي لیجاوے اسي تعداد پیاسنجر جو بڑهکر نهو..... جیساکه ضرور هے اور بغیر اُجرت کے ایک مناسب

836

مقدار لگیج لیجاوے - تیسرا - کہ یہ گاڑي کرایہ کیلئے دوڑے بنگلور مٹي مین - چاروان - کہ یہ گاڑي اِنسپکشن کیلئے کسي جگہ اور وقت پر جیساکہ حکم ہو لائي جاویگي - پانچوان . کہ کبھي ضایع ہو تو تمکو میري لکھي ہوي اِجازت سے جو پہلے حاصل کي ہو دوسري گاڑي ہنگامي طور سے اِستعمال کرین جسکے لئے یہ لیسن کا نمبر بدلا دیا جاویگا بغیر اُجرت کے . چھٹا - کہ تم رکھے ساتھ گھوڑے کو (٦) اور ہارنس جو اِستعمال کیا جاتا ہے - اچھي اور کام کي حالت مین - ساتوان - کہ کتنے ہي وقت تم تمہارا گھر یا جگہ جہان گاڑي رکھي جاتي ہے بدلین تو - ایک ہفتہ کے اندر تم مجھکو بذریعہ لکھي ہوي نوٹس کے اِطلاع دینا ہوگا جب کبھي بدلین اور ضروري تبدیل کیلئے یہ لیسن پیش کیا ہو . آٹھوان - کہ تم اپني گاڑي مین ایک فہرست کرایہ کي انگریزي کنڈي اور ہندوستاني مین لگانا ہے اور بڑکر جو فہرست مین ہے سو کرایہ سے طلب نہ کرونگا - کوئي اِقراري منظوري رولس کے مقررہ کرایہ سے کم کیلئے تم پر لازم ہے - نوان - کہ یہ لیسن کوئي دوسرے شخص کے نام پر بدلایا نہین جاسکتا بغیر لکھي ہوي اجازت کے - دسوان - کہ یہ لیسن کوئي شرایط کے توڑ دینے پر یا ہانکني کیاریج رولس کے برخلاف یا بیطوري کیلئے موقوف یا رد کر دیا جاویگا - میرے دستخط اور مہر کے نیچے دیا گیا اِس روز .....یہ تاریخ.....پرسیڈنٹ میونسپل کمیشن بنگلور مٹي *

ہانکنے والے کا لیسن نمبر *

بنگلور مٹي ہانکني کیاریج کے قانون ١٨٨٧ع اور رولس ١٩٠٥ع کے مطابق جو اختیارات مجھکو دئے گئے ہین مین تم کو .....یہ لیسن دیتا ہون کہ تم تابع ہانکني کیاریج کے مالک کے ہانکنے والے کا کام کرایہ کیواسطے گاڑي ہانکنے.....ہر حصہ بنگلور مٹي مین اِس تاریخ سے ٣٠ جون ١٩٠٠ع تک..... یہ شرایط پر جو زیل مین لکھے گئے ہین *

پہلا - کہ تم ہمیشہ جبکہ اُس کام پر ہو تم لگاوے موقعہ پر تمہارے جسم کے جیسا کہ پرسیڈنٹ حکم کرے ایک تگڑ کا بلّا نمبر دیا ہوا مذکورۂ بالا مین - دوسرا - کہ تم سب وقت جبکہ اُسکا مہر ہو یہ لیسن نزدیگ کرے اور جب کوئي پیامنجر پولس آفیسر جو ڈیوٹي پر ہو یا اور کوئي شخص ملازم ہانکني کیاریج ڈپارٹمنٹ کا طلب کرنے پر بتلایا جاوے - تیسرا - کہ جب تم کرایہ کیلئے مقرر کیا جاوے لیجانے مسٹر..... کو گاڑي مین کوئي جگہ پر میونسپل کے علاقہ بنگلور مٹي مین تو تم کو ضرور ہے کہ لیجاوے جیساکہ کرایہ دینے والے کے مرضي کے موافق لیجاوے - چاروان - کہ تم جب کرایہ پر مقرر کیا جاوے تو بغیر اِجازت کرایہ دینے والے کے گاڑي کو نہ لیجاوے یا غرض چھوڑ کر نہ چلا جاوے جبتک کہ کرایہ دینے والے کي اِجازت نہ لیوے - پانچوان - کہ تم گاڑي مین ایک فہرست کرایہ کي انگریزي - کنڈي اور ہندوستاني مین لگاوے اور فہرست مین داخل ہین سو کرایہ سے بڑکر کرایہ نہ طلب کرے اور کوئي اِقرار کم کرایہ کیلئے کیا جاوے جو فہرست مقرر ہے تو تم پر لازم ہے کہ وہ ہي منظور کرے - چھٹا - کہ یہ لیسن کوئي شرایط کے توڑ دینے پر یا ہانکني کیاریج رولس کے برخلاف کرنے پر یا کوئي بیطوري پر موقوف یا ردکر دیا جاوے گا - ساتوان - کہ یہ لیسن یا اوسکے ساتھ کا بلّا دوسرے کوئي شخص کو بدلایا نہین جا سکتا ہے بغیر درخواست مالک گاڑي کے اور مہر لکھي ہوي منظوري کے *

میرے دستخط اور مہر کے نیچے اس روز.....١٩٠٠ع دیا گیا ہے -

پرسیڈنٹ میونسپل کمیشن بنگلور مٹي *

BANGALORE CITY MUNICIPALITY.

بنگلور سٹی میونسپالٹی

837

اشتہار مورخۂ ۲۱ مارچ ۱۹۰۶ع *

مرقوم الذیل قانون یا بی-لا برائے اختیارات قبرستانون اور مرگھٹون بنگلور مٹي مین هین جو گورنمنٹ نے منظور کي هے پرسیڈنگس نمبر ۶-(۵-۱۷۷) ا - یم - ۹۶۷۳ مورخۂ ۱۹ مارچ ۱۹۰۶ع مین عام اطلاع کیلئے شایع کئے جاتے هین مطابق بنگلور میونسپل قانون ۱۸۷۱ع کے سکشن ۳۲۷ سے ضرور هے - اور یه عمل مین آوینگے پهلي جولائي ۱۹۰۶ع سے *

(۱) هر مالك یا شخص جو اختیار رکهتا هے کسي جگه کا جو استعمال کیجاتي هے بطور قبرستان یا مرگهٹ کے تو چاهئے کہ اسکو رجسٹر کرائے جس کیلئے ایك رجسٹر میونسپل آفس مین رکها گیا هے معہ مالك کے نام کے اور جو اشخاص کہ ایسے جگهون پر اختیار رکهتے هین اور میونسپل آفس مین بوقت رجسٹري ایك پلان یا نقشہ اس جگه کا جسمین پیمایش اور چکبندي هو رکهین اور ایك في ۲ روپیه رجسٹري کیلئے دیوے *

(۲) اگر پرسیڈنٹ کو معلوم هوے کہ کوئي مالك یا کوئي شخص ایسے جگهونکي اختیارات نهین رکهتے هین تو پرسیڈنٹ نے اپني ماتحت کرلینگے اور اپنے حکم سے رجسٹر کردینگے یا بند کروادینگے *

(۳) اشتہار رجسٹر زبان انگریزي اور دیسي زبانون مین کوئي موقعه کے جگه پر قریب ایسے جگهونکے دروازے پر لگادئے جاوینگے *

(۴) جو کوئي ایسے جگهون کو رجسٹر کرے بعد واپسي سے یا بکري سے دستیاب کرے یا اور کوئي طور سے تو ایسے مالك هونے یا اختیار رکهتے هین ایك مهینه پیش دستیاب کرنے کے پرسیڈنٹ کو لکهي هوي اطلاع دیوے *

(۵) مالك یا شخص جو اختیار رکهتا هے امني جگه کا جب پرسیڈنٹ نے طلب کرے تو جو کچه چاهے پوري کیفیت درباب نوکروں کے یا طریقه کار روائي جو وهان کیجاتي هے یا اور کوئي کیفیت درباب اختیارات کے دیوے *

(۶) مالك یا کوئي شخص جو ایسے جگهون پر اختیار رکهتا هے چاهئے کہ سب وقت ایسے جگهون کو پاك حالت مین رکهے - خراب جهاڑون وغیرہ سے هٹي رکهے جیساکہ پرسیڈنٹ کو تشفي هو - اور اگر ضرورت پر پرسیڈنٹ کي لکهي هوي نوٹس پر ایسے جگه کو کافي دیوار یا فنس سے حد بندي کرے *

(۷) جو شخص کہ ایسے جگهون پر اختیار رکهتا ضرور هے ۲۴ گهنٹون کے اندر اس آدمي کو اطلاع دیوے جو اس کام کیلئے پرسیڈنٹ سے مقرر کیا گیا هے اور ایسے فارمان پرسیڈنٹ سے مقرر کئے گئے هین تمام دفنائے اور جلائے گئے کي کیفیت جو وهان واقع هوتے هین دیوے *

(۸) کوئي شخص دفن نهین کر سکتا کوئي میت یا حصۂ میت کو قبر مین جو کهودي هوي هو یا گچ کي بنائي گئي هو یا اوسکي طور پر یا یه وضع سے کہ متاکافن یا صندوق کا اور صندوق نهو تو میت زمین کے سطح سے ۵ فیٹ سے نیچے کم نهو - اور کوئي قبر ایك میت سے زیادہ دفن کیلئے استعمال نہ کیا جاوے بجز اس حالت مین کہ دو یا زیادہ لوگ ایك هي گهر کے ایك هي وقت پر دفن کئے جاوے یا اس حالت مین جب مطابق قلم دس کے اجازت حاصل کرے - پرانے قبر کو کهودنے یا هڈواڑ مین دفن هونے *

(۹) کوئي شخص نهین باندهه یا کهود سکتا یا بندهایا یا کهودایا نهین سکتا کوئي قبر کو کسي قبرستان مین کم وز دو فیٹ کسي موجودہ قبر کے بازو *

(۱۰) کوئي شخص بغیر لکھي هوي پرسیڈنٹ کي اجازت کے موجودہ قبر کھول نہیں سکتا *

(۱۱) جو کوئي قبرستان یا مرگھٹ مین میت کو یا حصۂ میت کو لاوے یا لیجاوے یا بھیجے چاھئے کہ اسکو دفن کرے یا جلادیوے بارہ گھنٹون کے اندر جبکہ وہ قبرستان یا مرگھٹ مین داخل هونیکے بعد*

(۱۲) کوئي شخص جلاتا هے یا میت کو جلانیوالا هے یا حصۂ میت کو کسي مرگھٹ مین تو چاھئے کہ کسي حصۂ میت کو بغیر پورے طور راکھ بنے کے چھوڑ نہیں سکتا *

(۱۳) کوئي شخص بطور ویتیوان یا قبر کھودنے والا بند نہیں سکتا کسي میونسپل کے قبرستان یا مرگھٹ کا بغیر حاصل کرنے لیسن کے پرسیڈنٹ سے امکام کے لئے لیسنان دئے جاوینگے مطابق لگے هوے فارم کے اور جو پرسیڈنٹ کي مرضي کیموافق واپس لیجاویگا یا رد کردیا جاویگا *

لیسن کا فارم جو قبر کھودنے والونکو دیا جاویگا -

مطابق قانون بي-لا بغرض اختیارات قبرستانون مرگھٹونکے.....سے لیسن دیا جاتا هے واسطے کام کرنے بطور.....جگہ پر.....قبرستان اور مرگھٹ مین جو.....راستے پر هے.....ڈیوژن پیچھے بتلائے هوے شرایط کے بموجب *

پرسیڈنٹ *

شرایط جو بتلائے گئے -

یہ لیسن واپس یا رد کر لیا جاویگا جب ثابت هوکہ لیسندار نے (۱) بغیر معقول سبب کے غیر حاضر هو کوئي وقت یا اوقات پر جبکہ اسکي ضرورت بطور..... .....ضرور هے کسي شخص یا اشخاص جماعت سے جو وهان گئے هون (۲) یا غفلت کرے کام سے جو اُسے ضرور هے وهان پر دفن یا جلانیکے وقت پر (۳) کرے یا اجازت دیوے یا فریق مین شامل هو - اختیارات قبرستان یا مرگھٹ کے قانون بي-لا کے توڑ دینے مین جہانتک اسکے مطابق هو اور اسکے کامونمین تو (۴) مرقوم الذیل اجرت سے بڑکر طلب کرے یا کوشش کرے بڑکر لینے کیلئے *

بارہ برس کي عمر سے کم میت کو دفن کرنے ۸ آنہ بارہ برس کي عمر سے بڑکر دفن کرنے ...۱۲ آنہ *

جلانیکے لئے میت کو جو بارہ برس سے کم هو معہ دودہ کا رسم اگر هو تو ... ...۳ آنہ *

جلانیکے لئے میت کو جو بارہ برس سے کم هو جو س عمر سے بڑکر هو معہ مذکور بالا ...۶ آنہ *

(۵) قبر کھودنے کیلئے هتیارونکي سربراهي وغیرہ جب اوسکي ضرورت طلب نہ کیجاوے دیڑہ آنہ پرسیڈنٹ کي رائے مین کسي بے طوري کا خطامند هو تو لیسن واپس لیجانیکي سرورت هوگي *

(۱۴) کوئي شخص نہیں تعمیر باندھ سکتا یا تعمیر کرایا بندا سکتا هے کسي عمارت قبر کا پتھر قبر دیول یا بہانہ کسي میونسپل قبرستان یا مرگھٹونمین بغیر پرسیڈنٹ کي لکھي هوي اجازت حاصل کرنیکے پرسیڈنٹ کي اجازت حاصل کرنیکے پیش از ایک في ۸ آنہ في اسکورفیٹ یا حصہ اسکورفیٹ درخواستدار دینا چاھئے - پرسیڈنٹ کے بغیر اجازت کسي تعمیرات یا بندن کیجاوے تو توڑدیجاویگي *

(۱۵) یہ قانون کے خلاف کار روائي خطامند کو تقصیر کے ثابت پر جرماند کے لایق کریگي جو بیس روپیون سے بڑکر نہوگا *

بي - یس - ناگواکار -

پرسیڈنٹ *